30/05/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں.....بصارت گُل

امت شاہ

گجرات میندو باڈر آوٹ پوسٹس کا افتتاح کیا اور وہاںBhuj وزیر داخلہ امت شاہ نے کل اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کی۔ بعد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے BSF کہا کہ باڈر سکیورٹی فورس مشکل حالات کے دوران بھی بہادر ی اور عزم کے ساتھ ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرتا ہے ۔

اس موقعے پر گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل ، نائب وزیر اعلی ہرش سنگھوی ، مرکزی کے ڈائریکٹر جنرل اور کئی دیگر افسران بھی موجود BSFکے ڈائریکٹر ،IBداخلہ سیکریٹری، تھے۔

نشہ مہم

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے چھٹکارا دلانے کیلئے نشہ مکت جموں کشمیر کے تحت سرگرمیاں شدت سے جاری ہیں اور منشیات کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس دھندے میں ملوث لوگوں کے خلاف کارروائی کرنے مینکوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہینکیاجا رہا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر ان سرگرمیوں کی نگرانی کر رہے ہیں اور مختلف اضلاع میں پد یاتروں اور بیداری پروگراموں کی قیادت کرتے ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی کے تحت لیفٹنٹ گورنر یکم جون کو کولگام میں ایک پدیاترا کی قیادت کر رہے ہیں۔ہمارے کولگام کے نمائندے نے خبردی ہے کہ پ د یاترا کیلئے انتظامیہ کی طرف سے تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ منوج سنہا نے پچھلے مہینے کی 11تاریخ کو جموں سے نشہ مکت ابھیان کی شروعات کرکے ڈرگ سمگلروں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کا عندیہ دیا تھا۔

ایل جی ملاقات

لوک بھون سرینگر میں کل متعدد شخصیات اور وفود لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہاسے ملاقی ہوئے ۔
سینئر کانگریس لیڈر سریندر سنگھ چنی نے ایل جی کے ساتھ ملاقات کرکے ترال علاقے کی ترقی اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقعے پیدا کرنے سے متعلق معاملات ان کی نوٹس میںلائے۔

نبارڈ کے ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر Goverdhan S Rawat- بھی ایل جی سے ملاقی ہوئے

دریں اثنا کشمیر روڈ سیفٹی فاؤنڈیشن کے ایک وفد نے اس چیر مین ناصر علی خان کی قیادت میں لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی ۔

فیسٹول

SKICC کشمیر میں آج اور کل سرینگر Literature فیسٹول کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس فیسٹول کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر نائرہ منظور نے Literature کی اہمیت کے بارے میں کشمیر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

---Naira Manzoor---

واضح رہے کہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا بھی آج صبح ساڑھے10بجے شروع ہونے والے اس فیسٹول میں شرکت کریں گے۔

عمر ملاقات

بھارت میں Switzerland کی سفیر محترمہ مایا تِصافی نے کل سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی۔ دونوں شخصیات نے دیر پا سیاحت، باغبانی اور دیگر منسلک سیکٹروں سمیت باہمی دلچسپی کے کئی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

واضح رہے کہ وادی کے دورے پر آئی ہوئیں سفیرِ موصوفہ نے کشمیر کی فطری اور آفاقی خوبصورتی نیز مالا مال ثقافتی ورثے اور بے پناہ اقتصادی صلاحیت کی سراہنا کی۔

داخلہ

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے سرکاری ڈگری کالجوں میں یو جی داخلوں کے لیے آن لائن درخواست فارم جمع کرنے اور کالج ترجیحات اپڈیٹ کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کردی ہے۔

محکمہ اعلیٰ تعلیم کے مطابق امیدواراب آج شام پانچ بجے تک داخلہ پورٹل jkadmissions.in پر اپنی درخواستیں جمع یا اپڈیٹ کر سکتے ہیں۔

اس حوالے سے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کل نوشہرہ علاقے کا دورہ کرکے وہاں ترقیاتی کاموں اور طبی نگہداشت کی سہولیات کا جائز ہ لیا۔ انہوننے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ ترقیاتی کامونکو جلد از جلد مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ لوگونکو اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات فراہم کریں ۔

چیف جسٹس

جموں کشمیر لداخ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس ارن پلی نے کل ضلع کورٹ کمپلیکس سہولیت کام کرنے والے والدین Creche فیسلٹی کا افتتاح کیا۔ یہCreche جموں میں ایک بالخصوص خواتین وکلائ، کورٹ کے عملے اور ضلع کورٹ کمپلیکس کے افسرونکے بچوں کیلئے جدیدسہولیات سے لیس کیا گیاہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ